**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 04 اگست 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی ( آئیسکو ) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

04 اگست 2026 کو اسلام آباد سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک نیوی-1 جبکہ صبح 8 بجے سے دوپہر 12 بجے تک گھڑیال فیڈرز سے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ راولپنڈی کینٹ سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک سواں گارڈن-I اور سواں گارڈن-II فیڈرز بند رہیں گے۔ اٹک سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک بہلوٹ فیڈر سے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ چکوال سرکل میں صبح 6 بجے سے دوپہر 12 بجے تک جمال وال، مینگن، کریالہ اور کے ایس ایم یونٹ-3 فیڈرز بند رہیں گے۔ جی ایس او سرکل میں صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک 132 کے وی گرڈ اسٹیشن راوت-II کے پاور ٹرانسفارمر ٹی-2، صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو سی ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگجانی-برہان جبکہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی کہوٹہ سٹی-پلندری اور 132 کے وی نیو واہ-بہتر موڑ، اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

پریس ریلز نمبر: 03-08/2026